

ماہنامہ
الحقیقہ
پاکستان
ستمبر 2004
واقعہ معراج
شب برات
اثبات رفع یدین کے دلائل کا تجزیہ
ان شاء اللہ
پاکستان
مضبوط ہوگا اور قائم رہیگا
اسلام اور شیطان کے سپوت

تکبیر و رسالت کا نعرہ

جس کو سرکار ﷺ کی تعظیم سے انکار ہے — کچھ بھی ہو شیطان ہے، مردود ہے، مردار ہے

زندگی کا حسن وابستہ ہے ان کے عشق سے — زندگی بے نور ورنہ بندگی بیکار ہے

کیا سروکار ان سے ہم کو جو نہیں سرکار ﷺ کے — اس سے ہم بیزار ہیں جو دین سے بیزار ہے

اسوۂ صدیق اکبر ہے ہمارے سامنے — ہم وفا کیشوں کا قائد حیدر کرار ہے

آچکے ہیں ہم کفن بردوش اب میدان میں — ہاتھ میں دامان عشق سید ابرار ہے

کیا ہوا جو آتش نمرود ہے پھر شعلہ زن — چند لمحوں میں اسے دیکھو گے پھر گلزار ہے

جاں فدا کر دے پیارے مصطفی کے دین پر — جس کو بھی ان کی شفاعت حشر میں درکار ہے

نعرہ تکبیر و رسالت کا لگاؤ پے بہ پے — دیکھنا کس طرح چھٹتی یورشِ کفار ہے

کیوں چڑھا رکھا ہے سر پر تو نے این جی اوز کو — کیوں مشرف بش کے ان کتوں سے تجھ کو پیار ہے

جب اساسِ ملکِ پاکستان ہے اسلام ہی — کیوں ترے ہوتے او سید کفر کی یلغار ہے

نقش لاثانی کے صدقے دیکھیے آسی کا جوش
شعر اس کا کیا ہے بس تلوار ہی کا وار ہے

(پروفیسر محمد حسین آسی)

يا ايها النبي جاهد الكفار والمنافقين واغلظ عليهم

اے نبی جہاد کرو کافروں اور منافقوں سے اور ان پر سختی کرو (التوبہ ۷۳)

عقیدہ دین حق کی عظیم تحریک شیران اسلام کا ترجمان

ماہنامہ

مجلہ الحقیقہ

پاکستان

رجب المرجب ۱۴۲۵ھ ستمبر 2004 جلد نمبر 4 شمارہ نمبر 11

زیر سرپرستی

مفکر اسلام حضرت علامہ مولانا

پروفیسر محمد حسین آسی نقشبندی قادری

مدیر اعلیٰ: شجاعت علی مجاہد

مدیر مسئول: افتخار احمد ممنون

مدیر منتظم: شمس الدین نقشبندی

فہرست

❁ مجلس مشاورت ❁

صاحبزادہ نور المصطفیٰ رضوی

علامہ شفقات احمد نقشبندی

ڈاکٹر محمد ظفر اقبال نوری ❁ محمد رضاء الدین صدیقی

زیر نگرانی: حاجی اخلاق احمد نقشبندی

شعبہ قانون: محمد اکبر چوہدری، ایڈووکیٹ ہائی کورٹ لاہور | غلام محی الدین

زر تعاون

پاکستان (فی پرچہ) 15 روپے سالانہ بذریعہ ڈاک -/150

	فی پرچہ	سالانہ چندہ
یورپ	1 پونڈ	10 پونڈ
یونائیٹڈ اسٹیٹ	1.5 ڈالر	15 ڈالر
عرب ممالک	3 ریال	30 ریال

رابطہ: صوفی محمد آصف نقشبندی انچارج دفتر الحقیقہ قصر لاہوتی نگر شرقپور

پبلشر: پروفیسر محمد حسین آسی نے احمد دین پرنٹرز داتا مارکیٹ لاہور سے چھپوا کر مرکزی دفتر مجلہ الحقیقہ قصر لاہوتی نگر شرقپور فون نمبر:451734 (نارووال) سے شائع کیا

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

یونس - ۶۲

ترجمہ: سُن لو اللہ کے ولیوں پر نہ کچھ خوف ہے اور نہ کچھ غم

سرپرست اعلیٰ کے قلم سے

کلمة الحقیقه **اداریه**

انشاء اللہ

پاکستان مضبوط ہو گا اور قائم رہے گا

۸۔ اگست (۲۰۰۴ء) کو شیخوپورہ جانے کا اتفاق ہوا تو میرے مرحوم دوست پروفیسر محمد یونس حسرت کے لخت جگر اویس المصطفیٰ صاحب نے بتایا کہ روزنامہ خبریں لاہور (مورخہ ۶۔ اگست) میں نام نہاد ڈاکٹر اسرار احمد نے وطن عزیز کے خلاف بہت زہر اگلا ہے مگر افسوس حکومت نے نوٹس لیا نہ کسی سیاسی رہنما نے۔ تاریخ مذکور کا اخبار دیکھا تو سخت دکھ بھی ہوا اور تعجب بھی۔ دکھ اس بات پر کہ پاکستان کے دشمنوں کے دل اس کے بارے میں نصف صدی کے بعد بھی صاف نہیں ہوئے اور تعجب اس بات پر کہ کیا حزب اقتدار، حزب اختلاف بلکہ ساری قوم کتنی بے حسی کا شکار ہے کہ ایک بدبخت منحوس انسان کی از حد نحوست انگیز ہرزہ سرائی پر کسی کے کان پر جوں تک نہیں رینگی۔ یقیناً قوم کی اسی بے حسی کے پیش نظر اسلام کے اور پھر پاکستان کے دشمنوں کے حوصلے بڑھ گئے ہیں اور جو اول فول ان کی شیطانی زبان پر آتا ہے، بکتے جاتے ہیں۔

آیئے اب پنڈت اسرار کا بیان دیکھیں۔ یاد رہے جن لوگوں نے تحریک پاکستان کے دوران اس کی مخالفت کی تھی، یا اب کر رہے ہیں 'مُلا' کے لبادے کے باوجود 'پنڈت' ہی ہیں کیونکہ وہ پنڈت نہرو کی معنوی اولاد ہیں۔ کوئی اچھی بات کرے تو جی چاہتا ہے کہ اس کے منہ میں گھی یا مٹھائی ڈالیں۔ مگر خبر نہیں اگر کوئی اپنی ازلی بدبختی کا مظاہرہ کرے تو اس کے منہ میں کیا ڈالنا چاہئے، بہرحال جو کچھ بھی ڈالنا مناسب سمجھیں، پنڈت صاحب کے منہ کے لئے تیار رکھیں اور پھر ان کی 'خرافات' پر غور فرمائیں۔

"نظریہ پاکستان دفن ہو چکا دو اڑھائی سال میں ملک ٹوٹ جائے گا": ڈاکٹر اسرار

کشمیر میں جہاد فی سبیل اللہ نہیں، صرف مسلم ملک ہیں، امت مسلمہ کا وجود نہیں ہر ایک کا قبلہ الگ ہے

پاکستان پنجاب نے نہیں مسلمانوں اور سندھیوں نے بنایا، سرحد میں سرحدی گاندھی تھا، بلوچ بھی مخالف تھے۔

52 ہجری میں پاکستان کے 8 ٹکڑے ہو جائیں گے، بلوچستان زیادہ خوشحال ہوگا، دونوں کشمیر ایک ریاست بنیں گے

پشاور (نمائندہ) تنظیم اسلامی پاکستان کے سربراہ ڈاکٹر اسرار احمد نے کہا ہے کہ نظریہ پاکستان دفن ہو چکا ہے اور پاکستان اپنے قیام کا جواز کھو بیٹھا ہے جس کی وجہ سے آئندہ دو اڑھائی سالوں تک ملک ٹوٹ جائے گا۔ جہاد کشمیر فی سبیل اللہ نہیں ہے۔ متحدہ مجلس عمل والوں کے صوبہ سرحد میں کئے جانے والے اقدامات کاسمیٹک ہیں۔ ان کا نظام سے کوئی تعلق نہیں بلکہ ان کا کردار ناکام اور افسوسناک ہے۔ بدھ کے روز پشاور پریس کلب میں خیبر یونین آف جرنلسٹس کے پروگرام میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سرد جنگ بھی نظاموں کی جنگ تھی اور آج بھی امریکہ اسلامی نظام کو ماننے کے لئے تیار نہیں۔ وہ اسلامی بنیاد پرستوں کو ملاؤں سے دور رکھنا چاہتے ہیں تاکہ اسلامی نظام نافذ نہ ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم امہ اس وقت سرے سے موجود ہی نہیں صرف مسلم ممالک ہیں جن کا آپس میں کوئی اتحاد و اتفاق نہیں۔ ہر ایک کا قبلہ الگ الگ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ کا عذاب فلسطین، افغانستان، عراق اور کشمیر میں مسلمانوں پر نازل ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام کے نام پر بننے والے پاکستان کے خاتمے کے لئے الٹی گنتی شروع ہو چکی ہے۔ دو قومی نظریہ بنگال میں غرق ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو پنجاب نے نہیں بلکہ انڈیا میں بسنے والے مسلمانوں اور سندھیوں نے بنایا بلکہ سرحد میں تو ویسے ہی سرحدی گاندھی کا راج تھا جبکہ بلوچ سردار بھی قیام پاکستان کے خلاف تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری معیشت سودی نظام پر کھڑی ہے۔ ہندو مسلم کی دوستی کے راگ الاپے جا رہے ہیں اور بدقسمتی سے بھارتی ہمیں ثقافتی طور پر فتح کر چکے ہیں۔ انہوں نے کہا یہ پیش گوئی کی جا رہی ہے کہ 52 ہجری میں پاکستان کے 8 ٹکڑے ہوں گے جن میں بلوچستان سب سے زیادہ خوشحال ہے۔ جبکہ کشمیر کے دونوں حصے بھی ایک ریاست بن جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کے عذاب سے بچنے کے لئے دستور پاکستان میں موجود اسلامی دفعات کو غیر موثر بنانے والے چور دروازے بند کر دیئے جائیں۔ (روزنامہ خبریں ۱۶ اگست ۲۰۰۳ء)

یاد رہے یہ پنڈت جو پاکستان کے بارے میں ناپاک پیشگوئیوں کا اعلان کر کے اپنے 'علم غیب' کا ڈھنڈورا پیٹ رہا ہے حضور پر نور امام الانبیاء المرسلین علیہم الصلوٰۃ والسلام کے 'علم غیب' کا منکر ہے اور اس نسل سے تعلق رکھتا ہے جو حضور پر نور ﷺ کے علم غیب کے عقیدے کو شرک سمجھتی ہے۔ موجودہ حکومت رہے یا نہ رہے، ہمیں اس سے غرض نہیں، مگر ان شاء اللہ پاکستان مضبوط ہوگا اور قائم رہے گا۔ اسے اب تک جو نقصان پہنچنا تھا پہنچ چکا، مگر آئندہ اللہ کے فضل و کرم اور حضور رحمۃ للعلمین ﷺ کی نظر کرم سے اس پر رحمتوں کی بارش ہونے والی ہے جو دیر تک ہوتی رہے گی۔

ہمیں پاکستان سے اس لئے محبت ہے کہ ہمارے نزدیک یہ سرکار دو عالم رسول محتشم ﷺ کا تبرک ہے۔ آج تک جس نے بھی اسے نقصان پہنچایا، کیفر کردار تک پہنچا، آئندہ جو اسے میلی نظر سے دیکھے گا، مٹ جائے گا اور اس کا نام غداروں میں لکھا جائے گا۔ میرا جی چاہتا ہے پاکستان پھلے پھولے اور پنڈت جی مریں تو ان کی قبر پر کتبہ لکھا جائے

لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ

(جھوٹوں پر اللہ کی لعنت)

یہ وہی پنڈت صاحب ہیں جنہوں نے گذشتہ دنوں فرمایا تھا کہ میں علامہ اقبال کو مرحوم کہتا ہوں اور مولانا حسین احمد مدنی کو رحمۃ اللہ علیہ (شاید اس لئے کہ اول الذکر اپنے نبی کریم و اکرم ﷺ کا وفادار تھا اور دوسرا کہتا تھا کہ حضور ﷺ کے سارے حکم ماننا ضروری نہیں جیسا کہ ڈاکٹر صفدر محمود نے بیان کیا ہے (روزنامہ نوائے وقت لاہور مورخہ ۱۶ اگست ۲۰۰۳ء)

رہ گیا امریکہ تو اس کا انجام روس سے زیادہ عبرتناک ہونے والا ہے، یہ کسی غیب بینی کی بنا پر نہیں بلکہ تاریخ کی روشنی میں ظلم کا نتیجہ تباہی کے سوا کچھ نہیں۔

اسلام اور شیطان کے سپوت (۱)

ڈاکٹر محمد حسین [illegible]

فطرت مسخ ہو جائے تو:

تھا جو ناخوب، بتدریج وہی خوب ہوا
کہ غلامی میں بدل جاتا ہے قوموں کا ضمیر

انسان جب صدق وصفا اور شرم وحیا جیسے زریں اوصاف سے عاری ہو جاتا ہے تو حق و باطل کی تمیز سے بھی خالی ہو جاتا ہے اور پھر پستی میں گرتے گرتے ایسے قعر مذلت تک جا پہنچتا ہے، جہاں نور کی ہلکی سے ہلکی کرن کا گزر بھی نہیں ہوتا اور ان تاریکیوں میں کھو کر اسکی فطرت پوری طرح مسخ ہو جاتی ہے۔ ظلمتوں کا یہ پروردہ ظلمتوں کا دلدادہ ہو کر رہ جاتا ہے اور اس کے فکر و عمل پر ظلمتیں، بلکہ نجاستیں مسلط ہو جاتی ہیں۔ کھلی آنکھوں سے حقیقت کی تجلیاں دیکھ کر بھی ان سے متاثر و منور نہیں ہوتا بلکہ ان کی دشمنی پہ اتر آتا ہے۔ پھر ان کی دشمنی میں اس حد تک آگے نکل جاتا ہے کہ اسے نور یا صدق وحق کا نام تک سننا بھی گوارا نہیں ہوتا اور اگر کہیں کوئی چراغ حقیقت ٹمٹماتا بھی نظر آرہا ہو تو اسے برداشت نہیں ہوتا بلکہ اس چراغ کی روشنی سے نبرد آزما ہو جاتا ہے۔ انسان کی فطرت جب اس حد تک اندھی یا مسخ ہو جاتی ہے تو اسے روشن سے روشن دلیل تک فائدہ نہیں پہنچا سکتی اور کسی بڑی سے بڑی صداقت کو قبول کرنا بھی اسے گوارا نہیں ہوتا۔

حضرت انبیاء کرام علیہم السلام اپنے رب کی طرف سے اپنے ماحول کے لئے بہترین دلائل و معجزات سے مزین ہو کر تشریف لائے۔ دیکھنے والوں نے ان کی سیرت وعظمت کے ہر پہلو کو کھلی آنکھوں سے دیکھا، وہ لوگ جن کی فطرت پر ابھی شیطنت اور کبر و تعصب کا پورا تسلط نہیں ہوا تھا، نبوت و رسالت کے سامنے صدق دل سے جھک گئے مگر وہ جو انہیں خوش نصیب افراد کے ساتھ ساتھ دیکھنے والوں میں شامل تھے لیکن ممسوخ الفطرت تھے، اپنی فطرت کے مسخ ہونے کے سبب جان بوجھ کر مقابلے میں اڑ گئے۔ پھر ان پر عذاب آیا اور وہ تباہ و برباد ہو گئے۔ مگر یہ عذاب محض اس لئے نہیں آیا کہ وہ منکر تھے، اس لئے آیا کہ دلائل کو پوری طرح سمجھنے اور حق کے مکمل طور پر واضح ہونے کے بعد بھی انہوں نے اسے قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ ہاں ہاں ایسے لوگ جنہیں کبر و غرور اور ضد و تعصب نے ایسا اندھا کر دیا ہو، تباہ و برباد ہونے کے قابل ہی ہوتے ہیں اور ان کا زمین پر چلنا پھرنا خود انہیں کے لئے باقی مخلوق کے لئے طرح طرح کی نحوستوں کا سبب بن جاتا ہے۔ بیشک خلائق لوگ ان مضر اور زہرناک پودوں کی مثال ہوتے ہیں جن کا کسی کھیت میں اگنا اور پھلنا پھولنا فصل کے لئے نقصان دہ ہوتا ہے اور کسان ان کو اکھاڑ اکھاڑ کر جب باہر پھینکتا ہے تو گویا وہ کھیتی کو ہلاکت سے بچانے کی تدبیر کرتا ہے۔ اسی طرح انسانوں میں ایسے لوگ جو دیدہ و دانستہ حق و صداقت کو قبول نہیں کرتے اور اللہ کے محبوب رسولوں کے مقابلے میں سینہ تان کر خدا کے پیغام کے بے اثر کرنے کے درپے ہو جاتے ہیں ان کو عذاب سے دوچار کرنا باقی مخلوق کو ان کی نحوستوں سے بچانے کے لئے ضروری ہوتا ہے۔

انبیاء علیہم السلام کی تعلیم: انبیاء کرام علیہم السلام نے اپنے اپنے دور میں اپنی اپنی امت کو خدا کا پیغام حق سنایا تو عموماً غریب و کمزور لوگوں نے اسے سب سے پہلے قبول کیا اور اس کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ اس پیغام میں خدائے واحد کا تعارف ہی نہیں تھا، انسانیت کی وحدت کا عنوان بھی شامل تھا اور ظاہر ہے انسانیت کی وحدت کا درس اسی صورت میں معقول، منطقی اور مضبوط نظر آئے گا جب اس کی بنیاد انسانیت کی خالق کی توحید پر استوار ہو۔ انبیاء کرام

علیہم السلام نے خالق واحد دیکتا کا عقیدہ و عرفان بھی دیا اور یہ بھی بتایا کہ سارے انسانوں کا باپ بھی ایک ہے (یعنی آدم علیہ السلام) خود انصاف کیجئے انسانوں کو وحدت و مساوات سکھانے کے لئے یہ بنیاد کتنی مضبوط ہے کہ سب کا رب (یعنی خالق و پروردگار) بھی ایک ہے اور وہ اللہ جل جلالہ ہے اور سب کا آب (یعنی باپ) بھی ایک ہے اور وہ ہیں حضرت آدم علیہ السلام اس کے برعکس جو رب کے ایک ہونے کا ہی منکر نہیں بلکہ رب کے موجود ہونے کا بھی منکر ہے نیز رب کا ہی منکر نہیں اپنے آب (باپ) کا بھی منکر ہے وہ کس بنیاد پر انسانوں کو وحدت و مساوات کا سبق دے سکتا ہے ہونا تو یہ چاہیے کہ جو شخص انسانوں کو سچے دل سے ایک دوسرے کے قریب لانا چاہتا ہے وہ اس عقیدے کو مضبوطی سے تھامے اور دوسروں کو ذہن نشین کرانے کی کوشش کرے کہ سب کا پیدا فرمانے والا ایک ہے اور اسی نے سب کو ایک باپ آدم علیہ السلام کی اولاد سے پیدا فرمایا ہے۔ اگر وہ اس مضبوط بنیاد کو نظر انداز کر کے پھر انسانیت کی وحدت و مساوات کا نعرہ لگاتا ہے تو سوا بلہ فریبی یا خود فریبی کے اسے کیا نام دیا جا سکتا ہے۔

پیغام نبوت کا اثر: انبیاء کرام علیہم السلام نے جب یہ نورانی و حقانی پیغام دیا تو غریب و مسکین لوگوں نے اسے اس لئے بھی قبول کر لیا کہ وہ ایک مدت سے فرعون طبع لوگوں کے ظلم و ستم کی چکی میں پستے چلے آئے تھے۔ ہاں ہاں وہ فرعون طبع لوگ جو خود کو خدا کہلا کر من مانی کارروائی کو اپنا حق سمجھتے تھے، یا خود کو دوسروں کی نسبت انتہا اعلیٰ و برتر سمجھتے تھے کہ گویا حکم دینا انہیں کا حق ہے اور حکم ماننا دوسروں کا حق۔ یہ اپنے بنائے ہوئے قانون اور اپنی خواہش نفسانی کو آئین گردانتے تھے۔ انبیاء کرام علیہم السلام کے اعلان وحدت و مساوات نے مسکینوں اور کمزوروں کو جینے کا حوصلہ دیا وہ جو حاکموں، چودھریوں اور سرگیروں کے سائے میں انتہائی رنج و مصیبت کے ساتھ زندگی کے دن گزار رہے تھے اور کسی طرف سے ان کے حق میں آواز بلند نہ ہوتی تھی، اس پیغام سے انہیں سکون ملا، انہیں سچے خدا کا عرفان حاصل ہوا اور خدائی کے جھوٹے مدعیوں سے نجات مل گئی۔

انبیاء کرام علیہم السلام کے ناخوشوں نے زندگی کے اس پیغام کو اپنے لئے موت کا پیغام جانا اور ہر طرح اللہ کے رسولوں کے مقابلے میں میدان میں اتر آئے۔ ظاہر ہے

اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّیْطٰنِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ (المجادلۃ۔۱۹)

ترجمہ: سنتا ہے بیشک شیطان ہی کا گروہ ہار میں ہے (کنز الایمان)

اور اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ (المجادلۃ۔۲۲)

ترجمہ: سنتا ہے اللہ ہی کی جماعت کامیاب ہے۔

انبیاء کرام علیہم السلام سے ان کے منکروں اور خدا کے باغیوں نے اپنے اپنے دور میں مختلف معجزات کا مطالبہ کیا اور معجزہ دکھانے کی صورت میں ایمان لانے کا وعدہ بھی کیا۔ معجزات دیکھنے کے باوجود وہ ایمان نہ لائے تو مختلف قوموں پر مختلف عذاب آئے، کسی کو طوفان میں غرق کر دیا گیا تو کسی کو دریا میں، کسی کو کڑک نے جا لیا تو کسی کو پتھروں کی بارش نے۔ یہی قانون تھا پہلے دن سے، جو پیدا ہوتا رہا۔

كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِیْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِیٌّ عَزِیْزٌ ۝ (المجادلۃ۔۲۱)

ترجمہ: اللہ لکھ چکا کہ ضرور میں غالب آؤں گا اور میرے رسول، بیشک اللہ قوت والا عزت والا ہے۔

تاجدار ختم نبوت: اللہ کے رسول ہی غالب ہوتے آتے رہے بلکہ وہ لوگ جو ان کے دامن عافیت کے زیر سایہ پناہ لیتے رہے، وہ بھی ان آسمانی عذابوں سے ہمیشہ محفوظ رہے۔ گویا جو اللہ کے انبیاء و مرسلین علیہم السلام کے مقابل آئے نیست و نابود ہو گئے اور وہ مظلوم کسمپرس جو دقتوں سے غلامی اور بیکسی کی زندگی بسر کر رہے تھے، نجات پا گئے۔ تا آنکہ سارے انبیاء و مرسلین علیہم السلام کے قائد و امام حضور پر نور سید نا محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ علیہ التحیۃ والثنا تشریف لے آئے۔ آپ کے ظہور سے قبل کی آسمانی کتابیں اور صحیفے سب کے سب ناپید ہو گئے تھے اور انبیاء کرام علیہم السلام کی تعلیمات انسان کی نگاہ سے اوجھل ہو گئیں تو آخر میں ان سب کے آقا و مولا علیہ التحیۃ والثنا سب کی تعلیمات کے محافظ ہو کر رحمۃ للعٰلمین بن کر ساری مخلوق کی طرف مبعوث ہوئے اب ظاہر ہے ان کی برکت سے عذاب موقوف ہو گئے اور انسانیت ایک ابدی پیغام سے روشناس ہوئی۔ اب وحدت و مساوات انسانی کی بنیاد میں اور بھی استحکام آ گیا یعنی نئی صورت حال یوں ہو گئی

سب کا خدا	———	ایک اللہ جل مجدہ
سب کا نبی	———	ایک محمد رسول اللہ ﷺ

سب کا باپ	———	ایک آدم علیہ السلام
سب کا دستور	———	ایک قرآن مجید
سب کا قبلہ	———	ایک کعبہ مقدسہ
سب کیلئے نظام	———	ایک دین اسلام

کتنی مضبوط بنیادیں ہیں وحدت و مساوات انسانی کے لئے لیکن برا ہو حرص و ہوس کا، برا ہو خواہشات نفس کا، برا ہو شیطانی غرور و تکبر کا اور برا ہو مسخ فطرت کا، کہ اسی دین کو جو انسانوں کو ان کے خدا سے، ان کے ہادی برحق ﷺ سے، ان کے مقصد حیات سے اور بہترین نظام حیات سے متعارف کراتا ہے، انسانوں میں تفریق کا الزام دیتا ہے۔ ہاں 'تفریق' کا الزام لگانے والے کسی گہرے مطالعے کے زیر اثر یا 'انسانیت' کی سچی خیر خواہی میں ایسا نہیں کرتے بلکہ یہ بدبخت چند ٹکوں کی خاطر اپنا ضمیر بیچتے ہیں، دین و ایمان کا سودا کرتے ہیں اور انسانیت کو گمراہ کرتے ہیں۔

موجودہ صورت حال: انبیاء و مرسلین علیہم السلام کے اولین منکرین و مخالفین جن وجوہات کی مخالفت کرتے تھے، وہ ان کا پیغام وحدت انسانی بھی تھا (جیسا کہ اوپر گزرا) حتیٰ کہ حضور پر نور سید الانبیاء والمرسلین علیہم الصلوۃ والسلام کے مخالفین ابو جہل و ابو لہب اس دکھ کا بھی اظہار کرتے تھے کہ اللہ کی توحید کا اعلان کرنے والا انسانیت کی توحید کا پیغام دیتا ہے اور ان کی طبع نازک پر یہ بات از حد گراں تھی کہ حضور پر نور ﷺ وعظ فرما رہے ہوں اور آپ کی مجلس میں قریشی آقا اور حبشی غلام ساتھ ساتھ بیٹھے ہوں۔ فتح مکہ کے بعد جب جناب بلال رضی اللہ عنہ کعبہ کی چھت پر اذان دے رہے تھے تو بعض قریش کے سینے پر سانپ لوٹ رہے تھے۔ ظاہر ہے وحدت و مساوات انسانی کے ان مخالفین کا استاد بھی شیطان ملعون تھا۔ مگر آج صورت حال مختلف ہے شیطان جانتا ہے کہ موجودہ فضا میں اسلام سے برگشتہ کرنے کے لئے موزوں ترین نعرہ اور موثر ترین ہتھیار یہ جھوٹا پروپیگنڈا ہے کہ اسلام بھی معاذ اللہ تفریق انسانی کا علمبردار ہے اور یہ بھی اتحاد کی بجائے افتراق و انتشار کی راہیں ہموار کرتا ہے۔ شیطان جھوٹا ہے اور اس کے نو آموز شاگرد بھی جھوٹے ہیں۔ بلکہ سچ پوچھئے کہ ان کا یہ نعرہ اتنا بے بنیاد اور ایسا جھوٹ ہے کہ بدترین جھوٹے ہی یہ جھوٹ بول سکتے ہیں، اسی لئے میں نے ان کو 'شیطان کے سپوت' کہا ہے۔ شیطان کے ان سپوتوں کو کسی مذہب، کسی نظریئے اور کسی گروہ میں کوئی عیب دکھائی نہیں دیتا، ہاں دکھائی دیتا ہے تو اس دین برحق میں جو آسمان سے نازل ہوا۔ سب کو پیدا کرنے والے نے انسان کی فطری ضروریات کو پورا کرنے کے لئے اسے نازل کیا اور نازل بھی اس سراپا کرم پر کیا جسے رحمۃ للعالمین بنایا جن کی سکھائی ہوئی عبادات تک وحدت و مساوات کا سبق دیتی ہیں، محض بندگی کی معروف ادائیں ہی نہیں بلکہ دین کا ہر پہلو سیاست ہو کہ معاشرت، وحدت و مساوات کے عقیدے سے پر ہے، اور یہی نہیں اسلام کی یہ تعلیم چند سالوں تک موثر رہی نہیں بلکہ آج بھی حضور پر نور ﷺ کا ہر سچا غلام اور دین حق کا ہر سچا پیروکار اپنے اپنے ماحول میں وحدت و مساوات کا علمبردار ہوتا ہے۔

یہ شیطان کے سپوت دوسروں کی آنکھ میں دھول جھونک کر اس کا معاوضہ لیتے ہیں، دوسرے لفظوں میں یہ ان کا ذریعہ معاش ہے۔ ان کو سپوت کہنے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ان کا باپ انسانیت کو گمراہ کرتا ہے تو رضا کارانہ طور پر، اور اس کے فرزندان ارجمند اس پر 'تنخواہ' بھی وصول کرتے ہیں۔ چونکہ پاکستان کی موجودہ حکومت 'غیرت اسلامی' سے یکسر خالی ہے اس دور میں ہر ملحد، ہر عیسائی، ہر یہودی، ہر مرزائی اور ہر بہائی آزاد ہے۔ اس مملکت خداداد میں جو اسلامی اساس پر معرض وجود میں آئی تھی، اسلام کے خلاف کھلم کھلا سازشیں ہو رہی ہیں، منہ پھٹ لوگ جو چاہتے ہیں اسلام کے خلاف بکتے ہیں اور جو چاہتے ہیں اسلامی تعلیمات کے خلاف پروپیگنڈا کرتے ہیں لہذا اسلام کا ہر دشمن خوش ہے، نئی نسل کو مادر پدر آزادی کا سبق دیا جا رہا ہے، مختلف این جی اوز نے فحاشی اور بے حیائی کے جال بچھا رکھے ہیں، ذرائع ابلاغ پر زیادہ تر ایسے ہی 'بے شرم و بے غیرت' لوگوں کا قبضہ ہے جو شرم و غیرت کو روشن خیالی میں حائل سمجھتے ہیں۔ گویا شیطان اور شیطان کے سپوت اس موقعے کو غنیمت سمجھے ہوئے ہیں

؎ کہاں ایسی آزادیاں تھیں میسر
انا الحق کہو اور پھانسی نہ پاؤ

انشاء اللہ آئندہ ہم بتائیں گے 'شیطان کے سپوت' وحدت و مساوات انسانی کے نعرے میں خود کس حد تک مخلص ہیں اور نسل انسانی پر ان کی اپنی 'نوازشات' کا کیا عالم ہے۔

نیز اسلام نے نوع انسانی کے لئے کیا کیا اور اس کے انقلابی پیغام نے انسانیت کی تقدیر بدلنے میں کس حد تک کامیابی حاصل کی ہے۔

اتحادِ ملت کی ضرورت و صورت (۲۰)

محمد حسین

باغیانہ اندازِ فکر: آپ نے دجال کے بارے میں "مولانا" مودودی کا "نقطہ نظر" ملاحظہ فرمایا۔ وہ جن حدیثوں کے مضمون سے اتفاق نہیں کرتے، انہیں ضعیف، منقطع یا موضوع نہیں کہہ رہے۔ انہیں یقین ہے کہ یہ سب حضور پرنور ﷺ کے ارشادات ہیں، اس کے باوجود اختلاف کر رہے ہیں اور اس کی وجہ ان کے نزدیک یہ ہے کہ حضور ﷺ نے یہ سب کچھ بغیر علم کے اپنی طرف سے فرمایا تھا، خدا کی طرف سے نہیں اور اس کا حضور پرنور ﷺ کو علم ہی نہیں دیا گیا تھا بلکہ حضور ﷺ نے محض اپنے قیاس سے یہ سب کچھ فرمایا تھا۔ اگر وہ حدیث کو موضوع اور منقطع وغیرہ کہتے تو اس کی زیادہ سے زیادہ زد محدثین اور حدیثوں کے راویوں پر پڑتی مگر انھوں نے ایسا نہیں کیا، بلکہ روایات کو تسلیم کر کے اعتراض کیا تو حضور پرنور ﷺ کے علم پر کیا اور اختلاف کیا تو کسی محقق، محدث، مجدد سے نہیں خود اپنے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کیا۔ فرمایئے کیا اس شوریدہ سری کا جواب ہو سکتا ہے؟۔ نبی کو نبی مان کر اور ان کے ارشاد کو ان کا ارشاد مان کر پھر انکار کرنا یا اسے قیاس آرائی قرار دینا کتنا عظیم، کیسی سرکشی اور بغاوت ہے۔ سوچئے یہ بغاوت ہے تو کس سے اور انکار ہے تو کس کا۔

میری ملت کے غیور فرزندو، بتاؤ کہ روایات جن کو مودودی حضور پرنور ﷺ کی قیاس آرائی پر مبنی قرار دے رہا ہے، کیا ان کے بارے میں خود زبان نبوت سے کبھی یہ اعلان ہوا کہ ان کا دارومدار قیاس آرائی پر ہے۔ اور اگر حضور پرنور ﷺ نے دجال کے بارے میں قیاس آرائی فرمائی ہے تو اور کس کس موضوع پر نہیں فرمائی ہوگی۔ ذرا خیال فرمایئے ارشادات نبوت کے بارے میں یہ بحث تو صدیوں سے جاری ہے کہ فلاں حدیث کی سند ضعیف ہے یا قوی، متواتر ہے یا شاذ، مگر یہ بحث کبھی نہیں ہوئی کہ حضور ﷺ نے فلاں ارشاد تو وحی الٰہی کی بنا پر فرمایا اور فلاں محض قیاس آرائی سے، نیز جو قیاس آرائی سے فرمایا وہ خلاف حق ہو سکتا ہے اور اگر اس ناپاک نقطہ نظر کو تسلیم کر لیا جائے تو کیا حدیث کی حجیت کا عقیدہ مجروح نہیں ہوگا بلکہ بتایئے اطاعت رسول ﷺ کا کیا مفہوم رہ جائے گا اور اطاعت رسول کیونکر ممکن ہوگی۔ اب سنئے اس زبان پاک کے بارے میں اس نبی اکرم ﷺ کا اپنا ارشاد (ایک طویل حدیث کا آخری جملہ)

لَوْ الَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ مَا یَخْرُجُ مِنْهُ اِلَّا حَقٌّ (ابوداؤد۔ کتاب العلم)

ترجمہ:۔ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، اس (منہ) سے حق کے سوا کچھ نہیں نکلتا۔

ممکن ہے مولانا اسے بھی قیاس آرائی ہی قیاس فرمائیں اور چونکہ حدیث کے پرانے ذخیرے سے انہیں انکار و وحشت ہے لہٰذا ان کے نزدیک اس ارشاد عالی کی قدر و قیمت اور بھی گھٹ گئی ہوگی (کیونکہ آپ جانتے ہیں تفسیر و حدیث کے پرانے ذخیرے ان کے نزدیک (معاذ اللہ) کوئی وزن نہیں رکھتے) تفسیر و حدیث کے پرانے ذخیروں سے انہیں صرف ایسی روایات ہی قبول ہیں جن میں اللہ والوں کی تنقیص کا پہلو نکل سکتا ہو۔

خیر ان کی بات چھوڑیئے، یہاں ہم اتنی وضاحت ضروری سمجھتے ہیں "حضرت مولانا" کو محبوب اکرم سرور عالم ﷺ کی زبان پاک پر جتنا "ایمان" ہے، اس سے ابوجہل اور ابولہب وغیرہ بدترین کفار قریش کو زیادہ اعتماد تھا۔ چنانچہ جب حضور پرنور ﷺ انہیں سرزنش کرتے ہوئے کچھ فرما دیتے تھے (کہ ایسا ہوگا) تو انہیں یقین کامل ہوتا تھا کہ ایسا ہو کر رہے گا۔ اس قسم کے بیشمار واقعات کتب سیرت کی زینت ہیں، طوالت کے خوف سے

ان سب کو نقل نہیں کیا جا سکتا۔ صرف ایک واقعہ یہاں عرض کیا جاتا ہے۔

جب ابولہب کے دو بیٹوں نے حضور پرنور ﷺ کے روبرو آپ کی صاحبزادیوں کو طلاق دی

تو ان میں سے ایک نے بدتمیزی بھی کی۔ اس کے بارے میں حضور ﷺ نے دعا فرمائی

اَللّٰھُمَّ سَلِّطْ عَلَیْہِ کَلْبًا مِّنْ کِلَابِکَ

ترجمہ:۔ اے اللہ اس پر اپنے کتوں میں سے ایک کتا مسلط فرما دے۔

چنانچہ ابولہب کو یقین تھا کہ ایسا ہو کر رہے گا، چنانچہ اس نے سخت احتیاطی تدابیر بھی کیں مگر محبوب خدا ﷺ کی زبان پاک کے الفاظ کیونکر بے اثر ہو سکتے تھے لہٰذا ہوا وہی جو ہونے والا تھا۔

حقیقت یہ ہے (جیسا کہ پہلے بھی کہیں یہ بیان ہو چکا ہے) کہ چالیس سال تک اعلان نبوت نہ کرایا جانا اس بنا پر بھی تھا کہ اہل مکہ کو اس بات کا یقین ہو جائے کہ حضور پرنور ﷺ کی زبان پاک سے خلاف واقعہ ایک حرف تک نہیں نکل سکتا۔ وہ اسی تصور سے 'الصادق' کہتے تھے۔ اس کا مطلوم یہی نہیں تھا کہ حضور ﷺ ہمیشہ سچ بولتے ہیں، بلکہ یہ بھی تھا کہ جھوٹ سے آپ کی زبان پاک کا ملوث ہونا ناممکن ہے۔ یہ تصور اس لیے ضروری تھا کہ حضور ﷺ کو اپنے منصب نبوت کے تقاضے کے طور پر مخلوق کو عالم غیب کا تعارف کرانا تھا اور عالم غیب تو معقول و حواس دونوں سے بالاتر ہے۔ اس کی وضاحت صرف زبان نبوت ہی سے ہو سکتی ہے لہٰذا پہلے خاطبین کو اس بات پر پختہ کیا جائے کہ جھوٹ ان کی زبان پر نہیں آ سکتا، پھر بعثت ہو۔ کوہ صفا پر جب آپ نے اعلان نبوت فرمایا تو اس کی ابتداء اس جملے سے فرمائی تھی۔

أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَخْبَرْتُكُمْ أَنَّ خَيْلًا تَخْرُجُ مِنْ سَفْحِ هٰذَا الْجَبَلِ وَفِي رِوَايَةٍ أَنَّ خَيْلًا تَخْرُجُ
بِالْوَادِي تُرِيدُ أَنْ تُغِيرَ عَلَيْكُمْ أَكُنْتُمْ مُصَدِّقِيَّ

ترجمہ:۔ (لوگو) کیا خیال ہے اگر میں خبر دوں کہ اس پہاڑ کی دوسری طرف سوار ہیں (دوسری روایت کے مطابق فرمایا بتاؤ میں اگر تمہیں خبر دوں کہ سوار اس وادی سے نکل کر تم پر حملہ کرنا چاہتے ہیں تو کیا میری تصدیق کرو گے۔

اس کے جواب میں سب نے بیک آواز کہا

نَعَمْ مَا جَرَّبْنَا عَلَيْكَ إِلَّا صِدْقًا (بخاری، مسلم)

ترجمہ:۔ ہاں ہم نے آپ کو ہمیشہ سچ بولتے ہی سنا ہے

زبان پاک کی اس حیثیت کا ابوجہل تک قائل تھا چنانچہ غزوہ بدر کے موقع پر راستے میں اخنس بن شریق نے ابوجہل سے حضور ﷺ کی صداقت کے متعلق پوچھا تو وہ بولا

كَيْفَ يَكْذِبُ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ كُنَّا نُسَمِّيهِ الْأَمِينَ لِأَنَّهُ مَا كَذَبَ قَطُّ وَلٰكِنْ إِذَا كَانَتْ فِي عَبْدِ
مَنَافٍ السِّقَايَةُ وَالرِّفَادَةُ وَالْمَشُورَةُ ثُمَّ تَكُونُ فِيهِمُ النُّبُوَّةُ فَأَيُّ شَيْءٍ بَقِيَ لَنَا

ترجمہ: وہ اللہ پر کیسے جھوٹ باندھ سکتے ہیں حالانکہ ہم خود انہیں امین کہا کرتے تھے، انہوں نے کبھی جھوٹ نہیں بولا تھا۔ لیکن بات یہ ہے کہ عبد مناف کے پاس پہلے ہی سقایہ، رفادہ اور مشورہ کے اہم اور اعلیٰ مناصب ہیں اگر ان میں نبوت بھی آ جائے تو ہمارے لئے کیا باقی رہے گا۔

کچھ ایسا ہی مقصود تھا حضور ﷺ کے دوسرے لقب 'الامین' کو بعثت سے قبل زبان زد خلق کرانے کا۔ یعنی یہ عقیدہ مضبوطی سے ذہن نشین ہو جائے کہ جو شخصیت عام انسانوں کی امانتوں کے بارے میں خیانت نہیں کر سکتی (یعنی ان سے خیانت نہیں ہو سکتی) اس سے اللہ کی امانت کے بارے میں خیانت کیونکر ممکن ہے۔

مودودی صاحب کے اثرات: کتنے دکھ اور کتنے تعجب کی بات ہے کہ جناب مودودی کو حضور پرنور ﷺ کی زبان وحی ترجمان پر اتنا اعتماد بھی نہیں ہے جتنا ابوجہل اور اس کی پارٹی کو تھا اور پھر وہ اسی بے اعتمادی کو اپنے چیلوں کے ذہنوں میں منتقل کرنا چاہتے ہیں۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ

[illegible] حضور پرنور ﷺ [illegible] کی تعریف کرتے ہیں اور یہ بات [illegible] حضور ﷺ کی ذات

[illegible] اللہ تعالیٰ [illegible] بات [illegible] مودودی نے [illegible]

[illegible] مودودی [illegible] ثبوت یہ ہے کہ مودودی صاحب نے اگر

[illegible] امت نے [illegible] تسلیم [illegible]

[illegible] حضور ﷺ کی محبت [illegible] مودودی صاحب کی عقیدت میں کوئی کمی نہ

آنے دی، [illegible] اہل بیت [illegible] کے نام پر [illegible]

نہیں کیا بلکہ اپنے آقا و مولیٰ (مودودی) کی ہاں میں ہاں ملاتے رہے، اور [illegible] رہے، گویا اللہ تعالیٰ کے معصوم انبیاء و مرسلین علیہم السلام

کی عصمت سے [illegible] اللہ تعالیٰ کا خوف [illegible] انبیاء علیہم السلام کی عظمت کا احساس

ایسی [illegible] مودودی کا [illegible] عقیدت کی [illegible] معاذ اللہ [illegible] اللہ تعالیٰ کے سب سے

بڑے رسول، سب سے اعلیٰ حبیب اور سارے معصوموں کے سردار حضور رحمۃ للعالمین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی [illegible] عظمت سے انکار کی سوچ بھی تو اس

کے متوالوں کو اپنے گلے کا [illegible] جو مودودی نے [illegible] اللہ تعالیٰ کے پیارے رسول ﷺ نے فرمایا، [illegible]

بلکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب اعظم ﷺ کی جو شان قرآن پاک میں بیان کی [illegible] کریں۔

مختصر یہ کہ مسلمانوں کو جو ایمان حضور پرنور ﷺ کی [illegible] ہوتا ہے [illegible] اسی قسم کا [illegible] مودودی کی زبان پر ہے۔ مثلاً یہی بات کہ حضور پرنور ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی قسم [illegible] میری زبان سے حق کے سوا کچھ نہیں نکل سکتا۔ دوسرے لفظوں میں یہ مقام نبوت کی توضیح ہے مگر حضور پرنور ﷺ کا کلمہ پڑھنے والا آپ کی [illegible] جو مودودی کا [illegible] مودودیت میں پیش کرتا ہے [illegible] حضور پرنور ﷺ [illegible] عقیدہ مودودی کی زبان کے بارے میں اختیار کرتے ہے [illegible] کا آخری فیصلہ [illegible] مودودی [illegible] ہوتا ہے۔

[illegible] مودودی [illegible] تنقید کی [illegible] کوئی شخص بھی [illegible] تحقیق کر کے بتائے کہ [illegible] حضرت مودودی [illegible] اہل بیت [illegible] میں [illegible] مودودی [illegible] معاف نہیں کیا۔ عصمت انبیاء علیہم السلام کے عقیدے میں [illegible] مودودی صاحب کی برکت [illegible] جماعت [illegible] مودودی کی شیطانی نظر تو حضور سید المعصومین ﷺ کی ذات [illegible] مودودی [illegible] کیوں نہیں تھی۔ [illegible] جس کا رب [illegible] اعلان فرماتا ہے

وَاِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ ○ (القلم۔۴)

ترجمہ: اور بیشک ضرور آپ بہت بڑی شان والے خلق پر ہیں۔

اور جسے داعیٔ حسن کا پیکر ہونے کا اعلان کر دیا گیا

لَقَدْ کَانَ لَکُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ (الاحزاب۔۲۱)

ترجمہ۔ بیشک تمہیں رسول اللہ کی پیروی بہتر ہے۔

پھر جسے قرآن پاک نے نور (سراسر روشنی) فرمایا بلکہ سراج منیرا (خوب چمکا دینے والا آفتاب) فرمایا اس ذات قدس ﷺ کا کلمہ پڑھتے ہوئے اسی کے خلاف [illegible] حسن کا [illegible] کی [illegible] ہوچکا ہو۔

وہ ذات قدس ﷺ جس کے بارے میں شاعر دربار رسالت حضرت حسان بن ثابت یوں فرماتے ہیں

[illegible] خَلَقْتَ مُبَرَّاً مِّنْ کُلِّ عَیْبٍ

وَاَجْمَلُ مِنْكَ لَمْ تَلِدِ النِّسَاءُ
خُلِقْتَ مُبَرَّأً مِنْ كُلِّ عَيْبٍ
كَاَنَّكَ قَدْ خُلِقْتَ كَمَا تَشَاءُ

ترجمہ: یا رسول اللہ ﷺ آپ سے زیادہ حسین میری آنکھ نے کبھی دیکھا ہی نہیں بلکہ آپ سے زیادہ جمیل کسی ماں نے جنا ہی نہیں۔ آپ ہر عیب سے پاک پیدا کئے گئے ہیں گویا آپ جیسا چاہتے تھے ویسے پیدا کئے گئے ہیں۔

مگر جناب مودودی کو کتاب و سنت کی تعلیمات اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے عقائد و نظریات سے کیا غرض؟ وہ تو بزعم خویش مجتہد کامل ہیں اور قرآن و تفسیر و حدیث کے پرکھنے والے دوسروں کو بھی درخور اعتنا نہیں سمجھتے۔ انہیں کیا [illegible] سے عقائد و نظریات [illegible] اور جیتے جی تو نچھاور کرے مگر اے بسا آرزو کہ خاک شدہ

اصل مسئلہ: یہ ایک دکھ بھری داستان ہے جو جتنی بھی چاہیں لکھتے جائیں مگر چونکہ ہم اپنا مقصد واضح کر چکے ہیں لہذا اسے زیادہ طول دینا مناسب نہیں۔ وہاں اس کتاب کا جواب بھی ہے کہ حضور پر نور ﷺ ہمارے نبی اور رسول ہیں [illegible] ہمارے ایمان میں شامل ہی نہیں بلکہ اصل ایمان اور جان ایمان ہیں۔ ان کے برابر اللہ تعالیٰ نے کسی نبی و رسول علیہ السلام کو بھی مرتبہ نہیں دیا چہ جائیکہ کسی اور والے سے برابری کا ہمسر قرار دے دیا جائے۔ اہل ایمان کے نزدیک تو کوئی ہستی ان کے ایسے صحابی کے بھی برابر نہیں ہو سکتی جو کسی ایک ساعت حضور پر نور ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر رہا (اور دوبارہ حاضری کا شرف نہ پا سکا) چہ جائیکہ کوئی حضور ان کے برابر ہو چنانچہ کسی نے حضرت عبد اللہ بن مبارک رضی اللہ عنہ جیسے عظیم محدث سے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ کے بارے میں پوچھا تو فرمایا [illegible] حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی معیت میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے گھوڑے کی ناک میں داخل ہوا وہ بھی عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ سے افضل و بہتر ہے۔ [illegible]

ہمارے دور میں جب تمام عالم کفر یکجان و یکدل ہے اور ہر طرف سے اسلام کے خلاف یلغار ہو رہی ہے ہماری آنکھوں کے سامنے افغانستان کی اینٹ سے اینٹ بجا دی گئی پھر اس کے بعد دوسرے مسلمان ملک عراق کی باری آگئی وہاں بھی حکومت کا تختہ الٹنے کے بعد سارے ملک کو بدترین ظلم و ستم کا نشانہ بنایا گیا۔ اب تک بدترین [illegible] جاری ہے [illegible] شام بھی [illegible] کی [illegible] پر ہے۔ اس کے بعد پاکستان یہود و ہنود کی نظر میں سب سے زیادہ کھٹکتا ہے اس کا ایٹمی [illegible] اس حد تک پہنچ چکا ہے۔ اسلام کے نام پر بنے اس ملک میں بھی اپنی مرضی کے قوانین نافذ کرانا چاہتا ہے۔ یہاں [illegible] اور دین حق [illegible] نصاب [illegible] شامل کر کے انہیں [illegible] تک پہنچایا جا رہا ہے۔ [illegible] کے نام پر [illegible] ہے [illegible] جو اب [illegible] ہے اس سے پہلے کبھی نہیں تھی۔ [illegible] حکومت [illegible] کرنے کے درپے ہے۔ صوبوں کی باہمی کشمکش کو ہوا دی جا رہی ہے اور بھائی سے بھائی کو لڑانے کی کوششیں تیز ہیں۔ پاکستان سے جو وفد بھارت جاتے ہیں [illegible] بے غیرتی [illegible] فحاشی اور عریانی کا طوفان بڑی تیزی سے نئی نسل کو اپنی لپیٹ میں لے رہا ہے۔ دہشت گردی اپنے عروج پر ہے کہ صدر مملکت پر دو بار قاتلانہ حملہ ہو چکا ہے۔ [illegible] پر اسرار قتل [illegible] پر حکومت [illegible] کہ نظریہ پاکستان (معاذ اللہ) دفن ہو چکا ہے۔ حکومت [illegible] جرأت نہیں [illegible] معاشی طور پر [illegible] پاکستان کے لئے مفید ہو [illegible] سے کسی فتوے کی ضرورت نہیں۔

مسئلے کا حل: اس صورت حال میں ہمیں کیا کرنا چاہئے اور قوم کے لئے سب سے زیادہ کس چیز کی ضرورت ہے۔ اگر ٹھنڈے دل سے غور کیا جائے تو قوم کو ایمان اور اسلام کی طرف [illegible] کی ضرورت ہے۔ غیر خدا کے خوف سے آزاد ہو کر کتاب و سنت کو عملاً نافذ کرنے کی ضرورت ہے اور اس کی روشنی میں ایسے تمام فتنوں کو جڑ سے اکھاڑنے کی ضرورت ہے جو [illegible] کی کوشش کر رہے ہیں [illegible] معاذ اللہ [illegible] دینے کی فکر میں ہیں۔ [illegible] اس وقت سب سے زیادہ [illegible] ضرورت ہے [illegible] وہ ہے جذبہ عشق رسول ﷺ۔ جذبہ عشق رسول ﷺ ہی ہماری ملت [illegible] کی ملت بیضا [illegible] استحکام کا ضامن ہے۔ اسی جذبے سے ہمیشہ شکست کو فتح میں تبدیل کیا اور [illegible] جذبہ ہماری سب سے بڑی دولت اور ہماری سب سے بڑی طاقت ہے۔ ہماری ملی زندگی کا [illegible] عشق رسول ﷺ ہی ہے اسی سے ہماری تشکیل ہوئی

[illegible] اور یہی وہ دور ہے [illegible] جب ابو القاسم [illegible] میں بھی یہی فتح کی بشارت پاتا تھا۔ شوقِ شہادت [illegible] عشق [illegible] ﷺ کی [illegible] جواب [illegible] عزیمت و استقامت کی [illegible] اسی کا [illegible] صلاح الدین ایوبی [illegible] سب کی [illegible] سرشار تھے [illegible] جب بھی [illegible] وقت آیا ملت کے ناخداؤں نے اسی کے ذریعے قوم کی کشتی کو ساحل آشنا کیا۔

حضرت سیدنا مجدد الف ثانی قدس سرہ [illegible] خواب [illegible] عشق تھا آپ کے مکتوبات شریف پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر تحریر جناب رسالت مآب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے عشق و محبت میں ڈوبی ہوئی ہے [illegible] پوری تاریخ میں محبوب رب علیہ التحیۃ والثناء کا [illegible] حضور پرنور ﷺ کے نور کا ذکر بلکہ نور خدا سے پیدا ہونے کا ذکر، حضور پرنور ﷺ کے معراج کا ذکر، حضور ﷺ کے تصرفات و معجزات کا ذکر، حضور پرنور ﷺ کے مشاہدہ [illegible] کا ذکر، پھر محبوب ﷺ کے مخصوص [illegible] کا ذکر اور پھر [illegible] حضور ﷺ کی حاکمیت کا ذکر اور اتباع و اطاعت کی ضرورت و اہمیت و برکت کا ذکر۔ تین چار صدیاں گزر گئیں، یوں لگتا ہے مجدد الف ثانی قدس سرہ کا نعرۂ عشق ابھی عرب و عجم میں گونج رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسی [illegible] کی تقلید پھر حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی [illegible] اور ان کے بعد [illegible] حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی، مجاہد تحریک آزادی حضرت علامہ فضل حق خیرآبادی اور چودھویں صدی کے مجدد حضرت شاہ احمد رضا خان بریلوی قدس سرہ العزیز نے کی۔ ان سب لوگوں نے اپنے دور میں ملت اسلامیہ کی [illegible] رسول ﷺ سے سرشار کرنے کی سعی مسلسل کی۔

[illegible]

[illegible]

آئیے ذرا حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ کے [illegible] کی طرف [illegible] صرف ایک اقتباس ملاحظہ ہو، عشق [illegible] میسر ہے تو ان شاء اللہ قلب و روح کو وجد آ جائے گا۔ محبت کا انداز ملاحظہ ہو

> [illegible] تمام مخلوقات [illegible] سب سے [illegible] قیامت کے دن [illegible] تمام مخلوق میں افضل [illegible] سب سے زیادہ قریب [illegible] سب سے [illegible] سب سے بلند، شرف و عظمت میں سب سے آگے [illegible] سب سے زیادہ [illegible] حسب میں سب سے زیادہ کریم، نسب میں سب سے زیادہ شریف [illegible] سب سے زیادہ [illegible] آپ نہ ہوتے تو اللہ تعالیٰ مخلوق کو پیدا نہ فرماتا اور نہ اپنی ربوبیت ظاہر فرماتا۔ آپ اس وقت بھی نبی تھے جب آدم ابھی پانی اور مٹی کے مرحلے میں تھے۔ قیامت کے دن آپ تمام انبیاء علیہم السلام کے امام و خطیب اور شفیع ہوں گے۔ آپ ہی نے فرمایا ہے کہ ہم آخر میں آنے والے بھی ہیں اور قیامت کے دن سب سے پہلے (جنت میں داخل ہونے والے) بھی اور آپ ہی نے فرمایا کہ میں یہ بات فخر سے نہیں کہتا (بلکہ شکر کے طور پر کہتا ہوں) کہ میں اللہ کا حبیب ہوں اور آخری نبی ہوں اور مجھے اس پر بھی فخر نہیں۔ اور سب سے پہلے میں (قبر سے) نکلوں گا، جب (قیامت کے دن) لوگ اٹھائے جائیں گے، میں ان کا قائد ہوں گا جب وہ اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہوں گے، میں ان کا خطیب و نقیب ہوں گا، جب وہ خاموش ہو جائیں گے۔ میں ان کی شفاعت کروں گا جب انہیں روک دیا جائے گا اور میں انہیں خوشخبری سناؤں گا جب وہ مایوس ہوں گے، عزت اور چابیاں اس دن میرے ہاتھ میں ہوں گی (ترجمہ دفتر دوم، حصہ ششم، مکتوب نمبر ۱)

جنگ آزادی: جنگ آزادی (۱۸۵۷ء) بھی [illegible] تھی، اس میں انگریزوں کے خلاف جن علماء نے فتویٰ جہاد دیا تھا، وہ جذبۂ عشق

رسول اللہ ﷺ سے سرشار تھی [illegible] چنانچہ [illegible] چھوڑ گئے جو [illegible] میں [illegible]
اور مشتاق حضرت مولانا فضل حق [illegible] بریلی میں حضرت مولانا [illegible] حضرت مولانا شاہ احمد رضا خان بریلوی کے جد امجد)
[illegible] جنگ آزادی کے بعد حضرت مولانا [illegible] طرف سے [illegible] پڑھو رہے تھے (ایسی
مولانا کافی ہیں جس [illegible] کے عشق محبت کا [illegible] مظہر ہے۔

کوئی گل باقی رہے گا نے چمن رہ جائے گا
پر رسول اللہ ﷺ کا دینِ حسن رہ جائے گا
ہم صفیرو! باغ میں ہے کوئی دم کا چہچہا
بلبلیں اڑ جائیں گی سونا چمن رہ جائے گا
اطلس و کمخواب کی پوشاک پر نازاں ہو تم
اس تنِ بے جان پر خاکی کفن رہ جائے گا
جو پڑھے گا صاحبِ لولاک ﷺ کے اوپر درود
آگ سے محفوظ اس کا تن بدن رہ جائے گا
سب فنا ہو جائیں گے کافی ولیکن حشر تک
نعتِ حضرت ﷺ کا زبانوں پر سخن رہ جائے گا

[illegible] دور میں بھی تھے اور [illegible] سے تھے لوگوں کی تحریر [illegible] کوئی تحریر [illegible] پھر بعد میں کوئی "شمس العلماء" بنا [illegible] تعصب [illegible] تحریروں کی محبت [illegible] مسلمانوں کے دل سے
رسول اللہ ﷺ کے عشق [illegible] کوشش [illegible] دشمنوں نے [illegible] انہیں [illegible]
خارج کرکے [illegible] عشق [illegible]
رہیں۔ کہتے ہیں [illegible] مسلمان مجاہد تھے [illegible] کے بعد [illegible]
بھی سلام سے [illegible] اللہ [illegible] تھے۔ بے خوف [illegible] تھے

یہ نصیب اللہ اکبر لوٹنے کی جائے ہے

حقیقت یہ ہے کہ جنگِ آزادی [illegible] عاشقانِ رسول ﷺ کے جذبہ
عشق کی آنچ رکھتے ہوئے [illegible] حضرت [illegible] حضور شہنشاہ [illegible] حضرت میاں شیر محمد شرقپوری،
شمس العارفین حضرت شمس الدین سیالوی، [illegible] حضرت سید مہر علی شاہ صاحب گولڑوی [illegible] جیسی عظیم شخصیات پیدا ہوئیں [illegible]
رہنمائی کے [illegible] حضرت مولانا احمد رضا خان بریلوی [illegible] علامہ اقبال اور قائداعظم جیسے [illegible]
سب نے [illegible] ملت اسلامیہ [illegible] عشق رسول ﷺ سے سرشار [illegible] کوشش [illegible] یہ ہے کہ تحریک
پاکستان اور پھر قیامِ پاکستان بھی [illegible] عشق کا [illegible] ہے [illegible]
[illegible] تھے۔ [illegible] پیش [illegible]
پاس تھا۔ توحید کا [illegible] حضرت [illegible]

یہ کافری ملا کیا پوچھتے ہو کیا ہیں
گاندھی کی پوجا کی کا ارنی میں ترجمہ ہیں

موجودہ زمانے: میں بھی جگہ جگہ ہر طرف [illegible] کے دشمن ہو کر [illegible] مسلمانوں کو [illegible] سے مٹانے کے خواب
دیکھ رہے ہیں اور [illegible] تمام شیطانی قوتوں کا سرغنہ بنا ہوا ہے، پھر سے [illegible] بیدار [illegible] جب تک یہ جذبہ بیدار رہے گا ملت بیدار

[illegible] ہوگا [illegible] ﷺ سے [illegible] سب سے زیادہ محبت حضور پر نور ﷺ
سے تھی [illegible] ﷺ [illegible] کا فیصلہ خدائی فیصلہ ہے وہ
فرماتا ہے

لا یؤمن احدکم حتی اکون احب الیہ من والدہ وولدہ والناس اجمعین

ترجمہ: تم میں سے کوئی شخص مومن نہیں ہو سکتا جب تک میں اس کے نزدیک اس کے ماں باپ اولاد اور سب لوگوں سے
زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔ (بخاری و مسلم)

[illegible] محبت کی وجہ [illegible] حضور ﷺ کی محبت [illegible] ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ جس طرح حضور پر نور ﷺ
کی اطاعت اللہ کی اطاعت ہے جیسا کہ قرآن پاک کا واضح اعلان ہے

ومن یطع الرسول فقد اطاع اللہ (النساء ۸۰)

ترجمہ: جس نے رسول کا حکم مانا بیشک اس نے اللہ کا حکم مانا۔

یونہی حضور ﷺ کی محبت اللہ کی محبت ہے۔ چنانچہ [illegible] امام [illegible] نے اپنی عربی
تصنیف [illegible] ﷺ کی محبت [illegible] احادیث کے ضمن میں لکھا ہے

من احبنی فقد احب اللہ ومن اطاعنی فقد اطاع اللہ

ترجمہ: جس نے مجھ سے محبت کی اس نے اللہ سے محبت کی اور جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی۔

[illegible] ﷺ کی اطاعت [illegible] ﷺ [illegible] حضور پر نور ﷺ
سے تو محبت [illegible] ﷺ [illegible] اور رسول ﷺ کی محبت ہوتی
ہے [illegible] ﷺ کی محبت کے بغیر قرآن، توحید، اسلام سے محبت کا
دعویٰ [illegible] ﷺ [illegible] کو اہمیت دیتے تو
یقیناً [illegible] حضور پر نور ﷺ سے زیادہ کسی سے بھی تعلق
خاطر [illegible]۔

[illegible] حضور پر نور ﷺ [illegible] کی اتباع کے
[illegible] بڑی قوت
[illegible] کام [illegible]
[illegible] ﷺ [illegible] برداشت نہیں کر سکتا چنانچہ انھوں نے شاطر [illegible]
[illegible] حضور پر نور ﷺ کی محبت مسلمانوں کے دلوں سے نکالنا اور ان میں
[illegible] پوری طرح قائم
ہو چکا تھا [illegible] حضور پر نور ﷺ [illegible] کا انکار کر کے مقام نبوت کو گھٹانے کی
[illegible] توحید کے نام پر کیا، کتنی
خوبصورت [illegible] کے طول و عرض میں
پھیلنے [illegible] حضور پر نور ﷺ کی محبت مسلمانوں کے دلوں سے نکالنے کے لئے [illegible] کر بیان کرنے
کے لئے مولوی اسمٰعیل صاحب [illegible] مسلمان [illegible] اسمٰعیلیوں کی
[illegible] حضور پر نور ﷺ کے خصائص
[illegible] کے

[illegible] تحقیق [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] کی تمام باتیں اور اشعار [illegible]
تعلیمات جو اہل [illegible] برداشت بھی کر [illegible] کے علاوہ [illegible] شف و کرامات کے قصے
ان کثرت سے [illegible] گئے کہ [illegible] بدعتیں [illegible] اور مشرکانہ [illegible] اور مریدی کے جوس بچے
تیار ہو گئے تھے [illegible] محبت و عقیدت [illegible] کہ حضور
صلی اللہ علیہ وسلم سے [illegible] مریدوں نے [illegible] گیا۔ آخر میں حضرت
[illegible] پوری ہو [illegible] خود بلند تھے
معاذ اللہ جس طرح ایک مولوی [illegible] سیرت [illegible] کی تصویر کا [illegible] نبی آخر الزمان محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے
میں [illegible] جیسی ہستیوں سے [illegible] ہو جائیں۔ یقیناً یہ [illegible]
ناقابل برداشت تھی [illegible] مسلمانوں سے [illegible] انکار حدیث کے حد [illegible] سازش کی گئی [illegible] اسلام کا معاشرتی نظام، اسلام کا سیاسی
نظام وغیرہ پیش کر کے [illegible] ناقابل برداشت [illegible] خوشنما [illegible] جماعت [illegible] کے پردے میں ایک
جماعت تیار ہو گئی [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم سے تو محبت [illegible] جماعت [illegible] تعلق [illegible] بلکہ [illegible] کے جاہلوں
کے سامنے کرامت تو مقصود ہی نہیں [illegible] صاف صاف اعلان کر دیا گیا ہے
کہ [illegible] مولودوں سے جو
نسل تیار ہوئی [illegible] اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] جماعت اسلامی کا ایک [illegible] جماعت
تھا [illegible] مقام کوئی مرکزی حیثیت تو نہیں رکھتا۔
حضرت [illegible] فرمایا تھا

چاہئے خانہ دل کی کوئی منزل خالی
شاید آجائے کہیں سے کوئی مہمان عزیز

[illegible] میں [illegible] حضرت [illegible] ہیں۔
[illegible] بہت [illegible] مگر افسوس وہ اسلام کے
[illegible] ضرورت تھی اور وہ اس پاک
[illegible] کاش ایسا ہوتا [illegible] تو معلوم
ہو جاتا [illegible] قرب کی [illegible] حق کے [illegible] نہیں آ سکتا۔
حضور غوث اعظم [illegible] حضرت [illegible] تھے۔

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ خود فرماتے ہیں
(اے انسان تو ترقی کرتے کرتے اس مقام پر پہنچ جائے گا کہ)

ترجمہ تجھے خارق عادت طاقت عطا ہو جانے کی [illegible] حاصل ہو گی۔ [illegible] تو [illegible] گویا موت کے
بعد آخرت میں تجھے [illegible] تو [illegible] قدرت [illegible] (اللہ کے نور) کے ساتھ سنے گا (اللہ کے نور) کے ساتھ
بولے گا (اللہ کے نور) کے ساتھ دیکھے گا (اللہ کے نور) کے ساتھ چلے گا (اللہ کے نور) کے ساتھ [illegible] اللہ (کے نور)
کے ساتھ ہی [illegible] (فتوح الغیب مقالہ نمبر [illegible])

بلکہ حدیث پاک میں اس کی مثال موجود ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ [illegible]

وَبِيَدِهِ الَّذِي يَبْطِشُ بِهَا

(اور میں اس بندے [illegible] ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے)

یہ حدیث تو بہت مشہور ہے

إِنَّ اللّٰهَ جَعَلَ الْحَقَّ عَلٰى لِسَانِ عُمَرَ وَقَلْبِهِ (ترمذی)

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ نے عمر کی زبان اور دل پر حق جاری فرما دیا ہے۔

(مگر افسوس یہ حدیث بھی (حدیث کے پرانے ذخیروں میں ہے)

[illegible] جناب پروفیسر طاہر القادری [illegible] ہم انہیں جدید و قدیم علوم کا جامع [illegible] منہاج القرآن [illegible] پروفیسر طاہر القادری صاحب کے قلب میں داخل ہو کر بارگاہ رسالتمآب ﷺ میں [illegible] (اگرچہ ہم اللہ کی رحمت سے مایوس نہیں) اور یہ بات ساری دنیا جانتی ہے [illegible] عشق میں [illegible] حضور پرنور ﷺ کی محبت و غیرت سے دل [illegible] ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ [illegible] شریف میں [illegible] کی علامات [illegible] روایات کو [illegible] پروفیسر صاحب [illegible] اور سلام کی جگہ [illegible] حقیقت [illegible] معلوم ہوتے ہیں اور جب ان سے [illegible] ہیں۔

[illegible] عشق رسول ﷺ کے جذبے سے ملت کے [illegible] کوشش کی جائے [illegible] حضور پرنور ﷺ کی [illegible] شیطان [illegible]

[illegible] پروفیسر طاہر القادری صاحب، قاضی حسین احمد صاحب [illegible] ملت کے اجتماعی مفاد کے لئے۔

[illegible] حضور پرنور ﷺ کی محبت کو کمزور کرتی ہیں؟

کیا قاضی حسین احمد صاحب اپنی شوریٰ [illegible] کے وہ [illegible] درج کر سکتے ہیں جو بارگاہ رسالتمآب ﷺ کی [illegible] کیا جناب طاہر القادری [illegible] اس قسم کے نعرے کہ

کس کے پیچھے؟ طاہر القادری کے

ختم کر کے اس قسم کے نعرے لگا سکتے ہیں

کس پہ قربان ——— حضور محبوب خدا ﷺ پہ

